اللھم صل علی سیدنا محمد وعلی آل سیدنا محمد وبارک وسلم
مجموعہ درود شریف
احمد
حامد

فہرست مجموعۂ درود شریف

نام درود ——————— صفحہ نمبر

تاج آرٹ پریس کراچی میں باہتمام شیخ عنایت اللہ مہتمم تاج کمپنی لمیٹڈ طبع ہوا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فضائل درود شریف

رحمت مجسم سرکار دو عالم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی سے محبت رضاء الٰہی کے حصول اور اخروی نجات کا بڑا سرمایہ ہے۔ یہ نعمت عظمیٰ آپ کی اتباع کے علاوہ آپ پر درود وسلام بھیجنے سے ہی حاصل ہوسکتی ہے درود شریف کے ورد سے آپ کی شفاعت کا استحقاق ہو گا۔ آپ کے یہاں قرب و منزلت سے سرفرازی ہو گی گناہوں کے دفتر خاکستر ہوں گے دین و دنیا کی کامرانیاں نصیب ہوں گی۔

ہر قسم کی مشکلات کے حل اور قضاء حوائج کے لئے درود شریف کی کثرت بہت مفید ذریعہ ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ تعالےٰ اُس پر دس مرتبہ رحمت نازل فرمائے گا (مسلم)

نیز آپ کا ارشاد ہے۔ کہ جو شخص مجھ پر ہر ایک بار درود بھیجے گا اللہ تعالیٰ اُس پر دس مرتبہ رحمت نازل کرے گا اُسکے دس گناہوں کو معاف کرے گا۔ اور اُسکے دس درجے بلند ہونگے (نسائی)

نیز حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن سب لوگوں سے بڑھ کر میرے قریب وہ شخص ہو گا جو مجھ پر زیادہ درود پڑھتا ہو گا (ترمذی)

ایک حدیث قدسی میں ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے

فرمایا۔ اے محمد! کیا تجھے یہ پسند نہیں ہے کہ کوئی شخص تجھ پر درود بھیجے اور میں دس مرتبہ اس پر رحمت نازل کروں اور تیری اُمت میں سے کوئی تجھ پر سلام بھیجے اور میں اس پر دس مرتبہ سلام بھیجوں (نسائی دارمی)

الغرض درود شریف کے فضائل، فوائد۔ اور برکات بے شمار ہیں۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے وصل و تعلق اور حصولِ محبت کا بڑا وسیلہ ہے گو سب سے افضل و اشرف وہ درود ہیں جن کے الفاظ بھی خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہوں۔ تاہم ایک اُمتی کو اپنی زبان اور اپنے الفاظ میں رسالت مآب کے حضور اپنے عشق و محبت کا اظہار اور ہدیہ صلوٰۃ وسلام پیش کرنے کی پوری اجازت ہے۔ چنانچہ مختلف بزرگانِ دین نے انتہائی خلوص اور عشق و عقیدت کے ساتھ محسنِ اعظم حبیب رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں گلہائے محبت پیش کئے ہیں۔ جن کا ورد یقیناً موجبِ فلاح و برکت ہے۔

پیش نظر کتابچہ میں مختصراً چند بزرگانِ دین کے درود جمع کئے گئے ہیں جنہیں آپ ہر وقت اور ہر جگہ پڑھ سکتے ہیں اور خصوصاً صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ اقدس پر پڑھ کر دارین کے سعادتمند ہو سکتے ہیں۔ اور اپنی مشکلات و حوائج کے لئے بھی انہیں اپنا معین بنا سکتے ہیں۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و ازواجہٖ و ذریتہٖ و اصحابہٖ و بارک وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

درود ابراہیمی

تمام مجموعہائے درود شریف سے یہ افضل ترین درود ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم سے نماز میں پڑھا جاتا ہے

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

درود قبیصہ رض

یہ درود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت قبیصہ رض بن مخارق کو تعلیم فرمایا تھا کہ جو مسلمان اس کی مداومت رکھے گا تو اُسکے لئے جنّت کے چار دروازے کھولدئے جائیں گے جس سے داخل ہونا چاہے داخل ہو (قوت القلوب لابی طالب المکی)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

الٰہی رحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آل سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّاھْدِنِیْ مِنْ عِنْدِکَ۔ وَاَفِضْ عَلَیَّ مِنْ

محمدؐ پر اور مجھے خصوصی ہدایت نصیب فرما۔ اور مجھ پر فیضان برسا

فَضْلِکَ۔ وَانْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَّحْمَتِکَ۔ وَاَنْزِلْ

اپنے فضل کا۔ اور پھیلا اپنی رحمت۔ اور نازل فرما

عَلَیَّ مِنْ بَرَکَاتِکَ ۵

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اپنی برکتیں

درود زہرہ بتولؓ

غوثِ وقت حضرت سید عبدالعزیز دباغ فاسی قدس سرہٗ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے دیوان صالحین میں حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کو اپنے والد صلے اللہ علیہ وسلم پر یہ درود پڑھتے سُنا الفاظ تو یہ نہ تھے (غالباً سُریانی ہونگے) مگر معنی جو میں نے عبارت سے اخذ کئے وہ یہ تھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ رُوْحُهٗ مِحْرَابُ الْاَرْوَاحِ
الٰہی رحمت نازل فرما اس پر جس کی روح تمامی ارواح اور ملائکہ
وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكَوْنِ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ هُوَ
اور عالم کی محراب ہے الٰہی رحمت نازل فرما اس پر جو
اِمَامُ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مَنْ هُوَ
پیشوائے انبیاء و مرسلین ہے الٰہی رحمت نازل فرما اس پر جو
اِمَامُ اَهْلِ الْجَنَّةِ عِبَادِ اللّٰهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۞
پیشوا ہے جنتیوں اللہ کے مومن بندوں کا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى
اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۞ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

مُسبّعاتِ عشر

حضرت ابراہیم تیمیؒ کو حضرت خضر علیہ السلام نے تعلیم فرمایا اور کہا کہ یہ ہدیہ مجھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عطا فرمایا ہے اور میں تم کو دیتا ہوں قبول کرو اور اسکا ثواب بوقتِ زیارت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھ لینا۔ وہ یہ ہیں غروب آفتاب و طلوعِ آفتاب سے قبل روزانہ سورۂ فاتحہ ۷ بار، سورۂ ناس ۷ بار، سورۂ فلق ۷ بار، سورۂ اخلاص ۷ بار، سورۂ کافرون ۷ بار، آیۃ الکرسی ۷ بار، کلمۂ تمجید یعنی سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۷ بار، اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الخ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الخ یہی درود نماز میں پڑھے جاتے ہیں ۷ بار،

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ تَوَالَدَا وَلِاَھْلِیْ

الٰہی بخشدے مجھے اور میرے والدین کو اور انکو جن سے وہ پیدا ہوئے اور میرے متعلقین کو

وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الْاَحْیَآءِ مِنْھُمْ

اور سب مومنین اور مومنات کو زندوں کو بھی

وَالْاَمْوَاتِ اِنَّکَ سَمِیْعٌ مُّجِیْبُ الدَّعَوَاتِ ۷ بار

اور مُردوں کو بھی بیشک تو سننے اور دعا قبول فرمانیوالا ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَا رَبِّ افْعَلْ بِیْ وَبِھِمْ عَاجِلًا وَّاٰجِلًا فِی الدِّیْنِ

اے اللہ اے رب وہ برتاؤ کر میرے ساتھ اور اُنکے ساتھ جلد و بدیر دین اور

وَالدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ مَآ اَنْتَ لَہٗ اَھْلٌ وَّلَا تَفْعَلْ بِنَا یَا مَوْلَایَ

دُنیا اور آخرت میں جو کہ تجھ کو زیبا ہے اور وہ برتاؤ ہم پر ہمارے ساتھ اے مولا

مَا نَحْنُ لَہٗ اَھْلٌ اِنَّکَ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ جَوَّادٌ کَرِیْمٌ مَّلِکٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۷ بار

میرے نہ کر جسکے ہم مستحق ہیں۔ بیشک تو بخشنے والا بردبار سخی کریم محسن شفیق مہربان ہے۔

یہ روایت ابوطالب مکیؒ کی قوت القلوب سے مختصراً نقل کی گئی ہے حضرت ابراہیم تیمیؒ فرماتے ہیں کہ اسکے بعد میں نے خواب دیکھا کہ فرشتے آسمان سے اُترے اور مجھے جنت میں لے گئے اور میں نے اسکی لذات اور راحتیں دیکھ کر فرشتوں سے پوچھا یہ سب نعمتیں کس کیلئے ہیں؟ جواب ملا جو بھی تم جیسا عمل کرے (یعنی مسبّعاتِ عشر کا پابند ہو) پھر سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوئے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خضرؑ کی روایت صحیح ہے صحیح ہے۔ فقط۔

درود مولانا احمد شاہؒ

یہ دو درود مولانا احمد شاہ صاحب حسن پوری سے منقول ہیں فرمایا کرتے تھے کہ ان کا ورد بے انتہا برکات و انوار کا سبب ہے خصوصاً اثنائے سفر مدینہ طیبہ اور حضوری آستانہ محمدیہ میں اور یہ حقیقی کیمیا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ

اے اللہ رحمت و سلام اور برکت نازل فرما ہمارے سردار محمد نبی

الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ اَفْضَلَ

اُمی پر اور ہمارے سردار محمد نبی اُمی کی آل پر ایسی

مَا صَلَّيْتَ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ صَلٰوةً دَائِمَةً

رحمت جو تمام اُن رحمتوں سے افضل ہو جو تو نے اپنی کسی مخلوق پر نازل فرمائی ہے ایسی رحمت

بِدَوَامِكَ صَلٰوةً تُبَلِّغُنَا بِهَا فِى الدَّارَيْنِ عَمِيْمَ فَضْلِكَ

جو ہمیشہ رہے تیری ہمیشگی کیساتھ ایسی رحمت جسکی بدولت تو ہمیں دونوں جہان میں اپنے

وَكَرَامَةَ رِضْوَانِكَ وَوَصْلِكَ ؁

فضل عام اور اپنی خوشنودی اور وصل کی عزت نصیب فرمائے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اے اللہ اُمت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی مغفرت فرما

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اے اللہ اُمتِ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر رحم فرما

اَللّٰهُمَّ تَجَاوَزْ عَنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اے اللہ اُمتِ محمد صلے اللہ علیہ وسلم سے درگذر فرما

صلوٰۃ لطیفیہ

از قاری سید عبداللطیف صاحبؒ پانی پتی

یہ درود قاری مولوی سید عبداللطیف صاحبؒ پانی پتی کا عطا کردہ ہے۔ اس کی کثرت موجب فلاحِ دارین ہے خصوصاً طالب علم کی فہم اور عمل میں ترقی کے لئے نیز شرف زیارتِ محمدیہ کا بہترین وسیلہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ سَيِّدِنَا

الٰہی رحمت نازل فرما ہمارے سردار محمدؐ پر اور ہمارے سردار محمدؐ کی

مُحَمَّدٍ وَّاَصْحَابِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِ سَيِّدِنَا

آلؓ اور ہمارے سردار محمدؐ کے اصحابؓ اور ہمارے سردار محمدؐ کی

مُحَمَّدٍ وَّذُرِّيَّاتِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

بیبیوں اور ہمارے سردار محمدؐ کی ذریات پر جیسی رحمت

وَسَلَّمْتَ وَرَحِمْتَ وَتَرَحَّمْتَ وَبَارَكْتَ عَلٰى

اور سلامتی اور مرحمت اور شفقت اور برکت تو نے نازل فرمائی تھی

اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰۤى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ بِعَدَدِ جَمِيْعِ حُرُوْفِ

حضرت ابراہیم اور آل ابراہیم پر بشمار تمامی حروف

الْقُرْاٰنِ وَالْحَدِيْثِ وَاُصُوْلِ الْحَدِيْثِ وَالْفِقْهِ وَ

قرآن اور حدیث اور اُصول حدیث اور فقہ اور

اُصُوْلِ الْفِقْهِ وَنَحْوِهِمَا وَبِعَدَدِ نَوْعِ الْمَلٰٓئِكَةِ وَبِعَدَدِ

اُصولِ فقہ وغیرہ کے اور بشمار اقسام ملائکہ کے اور بشمار

نُجُوْمِ السَّمٰوٰتِ وَبِعَدَدِ اَقْطَارِ الْاَمْطَارِ وَاَوْرَاقِ

آسمانوں کے تاروں کے اور بیشمار بارشوں کی بوندوں اور درختوں

الْاَشْجَارِ وَالزُّرُوْعِ وَالثِّمَارِ وَذَرَّاتِ الرَّمْلِ وَالْحَصَاۃِ

کے پتوں اور کھیتوں اور پھلوں اور ریت کے ذرّوں اور کنکریوں

وَالْمَعْدَنِیَّاتِ وَبِعَدَدِ کُلِّ مَخْلُوْقَاتِکَ مِنْ اِنْسٍ وَّجِنٍّ

اور معدنیات کے اور بیشمار اپنی تمامی مخلوقات انسان و جنات

وَّوَحْشٍ وَّطُیُوْرٍ وَّمَا یَدِبُّ عَلَی الْاَرْضِ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً

و جانور اور پرندوں اور ان جانداروں کے جو زمین پر چلتے ہیں ایسی رحمت جو

بِدَوَامِ مُلْکِکَ اُلُوْفَ الْاُلُوْفِ مَلْیُوْنَ مَرَّۃً مَّعَ کُلِّ حَرْفٍ

ہمیشہ رہے تیرے ملک کی ہمیشگی کے ساتھ لاکھوں اور کروڑوں مرتبہ ہر حرف

وَّنَفَسٍ وَّاحِدَۃٍ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اور ہر سانس کے ساتھ تا روز قیامت، بیشک تو حمد و بزرگی والا ہے۔

ابراہیمی درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ

اے اللہ رحمت نازل فرما محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور ان کی آل پر جیسے کہ رحمت نازل فرمائی آپ نے

عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

ابراہیم (علیہ السلام) پر اور اُن کی آل پر بیشک آپ تعریف کے مستحق بڑی بزرگی والے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی

اے اللہ برکت نازل فرما محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور اُن کی آل پر جیسے کہ برکت نازل فرمائی آپ نے ابراہیم

اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

(علیہ السلام) پر اور اُن کی آل پر بیشک آپ تعریف کے مستحق بڑی بزرگی والے ہیں۔

صلوٰۃ تفریجیہ قرطبیہ

مغاربہ (مغربی ممالک کے مسلمان) اس کو صلوٰۃ ناریہ کہتے ہیں اسلئے کہ یہ درود جب ایک مجلس میں واسطے تحصیل مطلوب یا دفع مرہوب کے بعدد ۴۴۴۴ پڑھا جاتا ہے تو وہ مقصد سرعت میں مثل نار کے حاصل ہوتا ہے اسی بنا پر اہل اسرار اسکو مفتاح الکنز المحیط لنیل مراد العبید بھی کہتے ہیں۔ اور وہ یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلٰوةً كَامِلَةً وَّسَلِّمْ سَلَامًا تَامًّا عَلٰى

الٰہی صلوٰۃ کاملہ اور سلام تام نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ تَنْحَلُّ بِهِ الْعُقَدُ وَتَنْفَرِجُ بِهِ الْكُرَبُ

سیدنا محمدؐ پر جنکے ذریعہ عقدے حل ہوتے ہیں اور کلفتیں دور

وَتُقْضٰى بِهِ الْحَوَائِجُ وَتُنَالُ بِهِ الرَّغَائِبُ وَحُسْنُ

اور حاجتیں رفع اور مرغوبات و حُسنِ خاتمہ نصیب

الْخَوَاتِمِ وَيُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى اٰ

ہوتی ہیں اور بادل سے پانی چاہا جاتا ہے بواسطے اُنکے بزرگ چہرے کے

لِهٖ وَصَحْبِهٖ فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ

اور اُن کی آل و صحابہؓ پر ہر لمحہ اور ہر دم بشمار اپنی تمامی معلومات کے

قرطبیؒ نے کہا ہے کہ جو شخص اس درود کو ہر روز اکتالیس ۴۱ بار یا سنو بار یا زیادہ پڑھا کریگا اللہ تعالےٰ اسکے ہر رنج و غم کی تفریج اور ہر کرب و ضرر کا کشف کر دے گا اور اس کا ہر کام آسان اور اس کا حال اچھا اور اُس کا رزق وسیع ہو جائیگا ابواب حسنات خیرات اُس پر مفتوح ہو جائیں گے۔ حوادث دہر و شر نکبات جوع و فقر سے امن میں رہیگا۔ اور اسکی محبت لوگوں کے دِل میں ہو گی۔ جو چیز اللہ سے مانگے گا وہ اسکو ملیگی۔ شیخ محمدؒ تونسی کہتے ہیں کہ جو شخص اس درود کو ہر روز گیارہ ۱۱ بار پڑھیگا تو گویا آسمان سے رزق اُترتا ہے اور زمین سے رِزق اُگتا ہے۔ امام دینوریؒ نے کہا کہ ہر روز گیارہ ۱۱ بار پڑھنے سے مراتب علیہ و دولت غنیہ حاصل ہو گی۔ اگر تین سو تیرہ ۳۱۳ بار واسطے کشفِ اسرار کے پڑھے گا تو مراد سے زیادہ دیکھے گا۔ اور اگر ہر روز سو ۱۰۰ بار پڑھیگا غرض کو موافق المراد پائیگا۔ حافظ ابنِ حجر عسقلانی نے عدد (۴۴۴۴) کے خواص ذکر کئے ہیں اور فرمایا ہے اکسیر فی سبیل التاثیر سے مراد یہی تعداد ہے اسلئے کسی خاص ضرورت کے وقت اس درود کو اسی تعداد میں پڑھنا چاہیے۔

الصلوٰۃ للرفاعی

درود از سید حمزہ بن احمد رفاعیؒ

حاضری مدینہ منورہ میں ممدوح نے دیا اور فرمایا تھا کہ یہ ہمارے خاندان کے لئے مخصوص ہے۔ جو اس کی مداومت رکھےگا وہ مراد سے زیادہ پائےگا کہ فوائد میں لا تعد ولا تحصٰی ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى نُوْرِكَ الْاَسْبَقِ وَ
الٰہی صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرما اپنے نور اولین اور

صِرَاطِكَ الْمُحَقَّقِ اَبْرَزْتَهٗ رَحْمَةً شَامِلَةً لِّوُجُوْدِكَ
اپنی راہِ تحقیق پر جسے تو نے رحمت عامہ بنا کر ظاہر فرمایا اپنی ہستی کے لئے

وَاَكْرَمْتَهٗ بِشُهُوْدِكَ وَاصْطَفَيْتَهٗ لِنُبُوَّتِكَ وَرِسَالَتِكَ
اور عزت بخشی اپنی حضوری کی اور انتخاب فرمایا اسکو اپنی نبوت و رسالت کے لئے

وَاَرْسَلْتَهٗ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّدَاعِيًا اِلَيْكَ بِاِذْنِكَ وَ
اور بھیجا مژدہ و خوف سُنانیوالا اور تیری طرف بُلانیوالا تیرے اذن سے اور

سِرَاجًا مُّنِيْرًا نُقْطَةَ مَرْكَزِ بَاءِ الدَّآئِرَةِ الْاَوَّلِيَّةِ
روشن چراغ بنا کر دائرہ اوّلیہ کی بار کے مرکز کا نقطہ

وَسِرِّ اَسْرَارِ الْاَلِفِ الْقُطْبِيَّةِ الَّذِىْ فَتَقْتَ بِهٖ رَتْقَ
اور اس قطبیت کے الف کا سرالاسرار جسکی خاطر تو نے وجود کی بندش کو کھولا،

الْوُجُوْدِ وَخَصَّصْتَهٗ بِاَشْرَفِ الْمَقَامَاتِ لِمَوَاهِبِ
اور اس کو مخصوص فرمایا اشرف مقامات سے عطا ہائے

الْاِمْتِنَانِ وَالْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ وَاَقْسَمْتَ بِحَيَاتِهٖ فِىْ
احسان اور مقام محمود کے لئے اور قسم کھائی اسکی حیات کی اپنے

كَلَامِكَ الْمَشْهُوْدِ لِاَهْلِ الْكَشْفِ وَالشُّهُوْدِ ۵ فَهُوَ
کلام میں جو کشف و شہود والوں کا منظور نظر ہے۔ پس

سِرُّكَ الْقَدِيْمُ السَّارِيْ وَمَاءُ جَوْهَرِ الْجَوْهَرِيَّةِ الْجَارِيْ
وہ تیرا قدیم سر ساری ہے اور جوہر جوہریت کا آب جاری ہے

الَّذِيْ اَحْيَيْتَ بِهِ الْمَوْجُوْدَاتِ مِنْ مَّعْدِنٍ وَّ
جسکی خاطر تونے حیات بخشی تمامی موجودات معدن و

حَيَوَانٍ وَّنَبَاتٍ فَهُوَ قَلْبُ الْقُلُوْبِ وَرُوْحُ الْاَرْوَاحِ
حیوان اور نبات کو پس وہ دلوں کا دل اور روحوں کی روح

وَعِلْمُ الْكَلِمَاتِ الطَّيِّبَاتِ وَالْقَلَمُ الْاَعْلٰى وَالْعَرْشُ
اور پاک کلمات کا علم اور اعلیٰ قلم اور عرش

الْمُحِيْطُ وَرُوْحُ جَسَدِ الْكَوْنَيْنِ وَبَرْزَخُ الْبَحْرَيْنِ
محیط اور کونین کے جسم کی روح ہے اور دونوں سمندروں کا برزخ

وَثَانِيَ اثْنَيْنِ وَفَخْرُ الْكَوْنَيْنِ اَبُو الْقَاسِمِ سَيِّدُنَا
اور دو میں کا دوسرا اور فخر کونین ابوالقاسم سیدنا

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَبْدُكَ وَ
محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب تیرے بندے اور

نَبِيُّكَ وَرَسُوْلُكَ النَّبِيُّ الْاُمِّيُّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ
تیرے نبی و رسول نبی امی ہیں اور انکی آل اور انکے صحابہؓ پر

وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا بِقَدْرِ عَظَمَةِ ذَاتِكَ فِيْ كُلِّ وَقْتٍ وَّحِيْنٍ
اور سلام نازل فرما بقدر اپنی ذات کی عظمت کے ہر وقت و زمان میں

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلٰمٌ عَلَى
منزہ ہے تیرا رب رب العزت ان باتوں سے جو کافر بیان کرتے ہیں اور سلام

الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ؁
پیغمبروں پر اور حمد اللہ رب العالمین کے لئے۔

درود حروف ہجائیہ

از حضرت سیّد حمزہ رح

یہ درود مجموعہ حروف ہجائیہ حضرت سیّد حمزہ بن احمد رفاعیؒ کا عطا کردہ ہے حد درجہ تعریف فرماتے تھے۔ اگر کوئی غمزدہ ہو یا کسی مشکل میں پریشان ہو خواہ مقدمہ ہو یا بیماری وغیرہ غرض ہر حاجت کیلئے خصوصاً سالک کسی معاملہ میں پریشان ہو تو فوری امداد حاصل ہوتی ہے اور متعدد بار اسکے پڑھنے سے مشکل حل ہو جاتی ہے۔ (بندہ محمد اسمٰعیل غفرلہٗ دہلوی)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الذَّاتِ الْمُحَمَّدِيَّةِ اللَّطِيْفَةِ

الٰہی رحمت نازل فرما ذات محمدیؐ پر جو لطیف

الْاَحَدِيَّةِ شَمْسِ سَمَآءِ الْاَسْرَارِ وَمَظْهَرِ الْاَنْوَارِ وَ

و بے نظیر ہے آفتاب فلک اسرار ہے اور مظہر انوار ہے اور

مَرْكَزِ مَدَارِ الْجَلَالِ وَقُطْبِ فَلَكِ الْجَمَالِ ۵ اَللّٰهُمَّ

مدار جلال کا مرکز اور فلک جمال کی قطب ہے۔ الٰہی

بِسِرِّهٖ لَدَيْكَ وَبِسَيْرِهٖ اِلَيْكَ اٰمِنْ خَوْفِيْ وَاَقِلْ

بحرمت اُنکے سر کے تیرے پاس، اور انکی رفتار کے تیری طرف امن بنادے میرے خوف کو

عَثْرَتِيْ وَاَذْهِبْ حُزْنِيْ وَحِرْصِيْ وَكُنْ لِّيْ وَخُذْنِيْ

اور محو کر میری لغزش کو اور دُور فرما میرا غم اور میری حرص اور میرا ہو جا اور مجھے اپنی طرف

اِلَيْكَ مِنِّيْ وَارْزُقْنِي الْفَنَآءَ عَنِّيْ وَلَا تَجْعَلْنِيْ مَفْتُوْنًا

کھینچ لے مجھ سے چھڑا کر اور مجھے فنا نفس نصیب فرما اور مجھے نہ بنا نفس

بِنَفْسِيْ مَحْجُوْبًا بِحِسِّيْ وَاكْشِفْ لِيْ عَنْ كُلِّ سِرٍّ مَّكْتُوْمٍ

اور حجاب حس میں مبتلا اور کھولدے میرے لئے ہر مخفی راز

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا
اے حی اے قیوم الٰہی صلوٰۃ و سلام و برکات نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ الرَّءُوْفِ الرَّحِيْمِ ذِي الْخُلُقِ الْعَظِيْمِ وَعَلٰى
محمدؐ پر جو شفیق و مہربان ہیں بڑے اخلاق والے ہیں اور اُنکی

اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ فِيْ كُلِّ لَحْظَةٍ عَدَدَ كُلِّ
آل اور اصحابؓ اور ازواجؓ پر ہر لحظہ بشمار ہر

حَادِثٍ وَّقَدِيْمٍ ۞ (تین ۳ بار پڑھو) اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ
جدید و قدیم کے الٰہی صلوٰۃ و سلام و

بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْفَاتِحِ لِمَا اُغْلِقَ وَالْخَاتِمِ
برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جو کھولنے والے ہیں ہر بند کے اور ختم کنندہ ہیں

لِمَا سَبَقَ وَالنَّاصِرِ الْحَقِّ بِالْحَقِّ وَالْهَادِيْ اِلٰى
ہر سابق کے اور حق کے مددگار ہیں بذریعہ حق کے، اور راہنما ہیں

صِرَاطِكَ الْمُسْتَقِيْمِ ۞ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَ
تیری راہ مستقیم کے۔ اللہ رحمت برسائے اُن پر اور انکی آل اور

صَحْبِهٖ حَقَّ قَدْرِهٖ وَمِقْدَارِهِ الْعَظِيْمِ (۳ بار) اَللّٰهُمَّ
صحابہؓ پر اُن کی منزلت اور عظیم مقدار کے موافق اے اللہ

صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النُّوْرِ الذَّاتِيِّ
صلوٰۃ و سلام و برکات نازل فرما ہمارے سردار محمدؐ پر جو بالذات نور

وَالسِّرِّ السَّارِيْ فِيْ سَائِرِ الْاَسْمَآءِ وَالصِّفَاتِ ۞ (۳ بار)
اور تمامی اسماء و صفات میں سرایت کرنے والے راز ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ كَرِيْمٍ
الٰہی صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ بزرگ

الْآبَاءِ وَالْأُمَّهَاتِ ۝ (۳ بار) اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ
باپوں اور ماؤں والے پر۔ الٰہی صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ كَمَالِ اللّٰهِ وَ
فرما سیدنا محمدؐ پر اور انکی آل پر بشمار کمال الٰہی کے اور

كَمَا يَلِيْقُ بِكَمَالِهٖ ۝ (۳ بار) اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ
جیسا اُن کے کمال کے لائق ہے۔ الٰہی صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ اِنْعَامِ اللّٰهِ وَ
فرما سیدنا محمدؐ پر اور انکی آل پر بتعداد انعامات و

اِفْضَالِهٖ ۝ (۳ بار) اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا
افضال الٰہیہ کے الٰہی صلوٰۃ و سلام اور برکات نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ كَمَا لَا نِهَايَةَ لِكَمَالِكَ وَعَدَدَ
محمدؐ پر اور انکی آل پر جیسا کہ انتہا نہیں تیرے کمال کی اور بتعداد

كَمَالِهٖ ۝ (۳ بار) اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا
انکے کمال کے۔ الٰہی صلوٰۃ وسلام اور برکات نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ صَلٰوةً تَلِيْقُ بِجَمَالِهٖ وَجَلَالِهٖ وَكَمَالِهٖ
محمدؐ پر اور انکی آل پر وہ صلوٰۃ جو لائق ہو اُنکے جمال و جلال اور کمال کے

وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ
اور صلوٰۃ و سلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور انکی آل پر

وَاَذِقْنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ لَذَّةَ وِصَالِهٖ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى
اور ہمیں چکھا اُن پر صلوٰۃ کی وجہ سے انکی لذت وصال الٰہی صلوٰۃ وسلام نازل

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ
فرما سیدنا محمدؐ پر جو قلوب کے علاج اور دوا ہیں اور اجسام کی صحت و

وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ
شفا ہیں اور بینائیوں کے نور و ضیاء ہیں اور اُنکی آل و اصحابؓ پر

وَسَلِّمْ (۳ بار) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ
سلام نازل فرما۔ الٰہی صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ نبی

الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ الْعَالِى الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ
اُمّی محبوب عالی قدر عظیم الشان پر اور اُنکے آل

وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ (۳ بار) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ
و اصحابؓ پر۔ الٰہی صلوٰۃ و سلام نازل فرما سیدنا محمدؐ

نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ عَدَدَ مَا فِى
نبی اُمّی پر اور اُن کی آل و صحابہؓ پر بشمار ان چیزوں کے جو

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَاَجْرِيَا رَبِّ
آسمانوں اور زمین ہیں اور انکے مابین ہیں اور اے رب جاری فرما

لُطْفَكَ الْخَفِيَّ فِىْ اُمُوْرِنَا وَالْمُسْلِمِيْنَ اَجْمَعِيْنَ ۳ بار
اپنا لطف خفی ہمارے اور سب مسلمانوں کے معاملے ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةَ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ
الٰہی رحمت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر بقدر درود اہلِ افلاک

وَالْاَرَضِيْنَ عَلَيْهِ وَاَجْرِيَا رَبِّ لُطْفَكَ الْخَفِيَّ فِىْ
و زمین کے اُن پر اور جاری کر اے رب اپنا لطفِ خفی میرے

اُمُوْرِىْ وَالْمُسْلِمِيْنَ (۳ بار) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا
اور مسلمانوں کے معاملے ہیں۔ الٰہی رحمت نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ وَعَلٰى اٰلِهٖ
محمدؐ نبی اُمّی پر طاہر مطہر پر اور اُنکی آل

وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ذِي
وصحابہؓ پر اور سلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ کیلئے

الْمُعْجِزَاتِ الْبَاهِرَةِ ؞ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى
معجزات والے پر۔ اور صلوٰۃ و سلام و برکات نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ذِي الْمَنَاقِبِ الْفَاخِرَةِ ؞ وَصَلِّ
سیدنا محمدؐ مناقب فاخرہ والے پر اور صلوٰۃ

وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ
وسلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر دنیا و آخرت میں۔

وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّخَلِّقْنَا بِاَخْلَاقِهِ
اور صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور ہمیں نصیب فرما انکے

الطَّاهِرَةِ ؞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا
اخلاق پاکیزہ۔ الٰہی صلوٰۃ وسلام و برکات نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدٍ وَّاَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ ؞ وَصَلِّ وَسَلِّمْ
محمدؐ پر اور اُن کو عطا فرما مقام وسیلہ اور فضیلت۔ اور صلوٰۃ وسلام

وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ذِي الْمَقَامَاتِ الْجَلِيْلَةِ
و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ صاحب مقامات جلیلہ پر۔

وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّخَلِّقْنَا
اور صلوٰۃ وسلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور ہمیں نصیب فرما

بِاَخْلَاقِهِ الْجَمِيْلَةِ ؞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى
انکے اخلاق جمیلہ۔ الٰہی صلوٰۃ وسلام اور برکات نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّهَبْ لَنَا قَلْبًا شَكُوْرًا ؞ وَصَلِّ وَسَلِّمْ
سیدنا محمدؐ پر اور ہمیں عطا کر قلب شکر گذار۔ اور صلوٰۃ و سلام

وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْ سَعْيَنَا مَشْكُوْرًا ۝
وبرکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور کر ہماری محنت کو قابلِ قدر۔
وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّلَقِّنَا
اور صلوٰۃ وسلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور دے ہمیں
نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا
تازگی و سرور۔ اور صلوٰۃ وسلام و برکات نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّاَلْقِ عَلَيْنَا مِنْكَ مَحَبَّةً وَّنُوْرًا ۝ وَصَلِّ
محمدؐ پر اور ڈال ہم پر اپنی طرف سے محبت اور نور۔ اور صلوٰۃ
وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّهَبْ لَنَا
وسلام اور برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور ہمیں عطا فرما
سِرًّا بِالْاَسْرَارِ مَسْرُوْرًا ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ
ہر اسرار مسرور بناکر الٰہی صلوٰۃ و سلام اور برکات
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الصَّادِقِ الْاَمِيْنِ ۝ وَصَلِّ
نازل فرما سیدنا محمدؐ سچے امانت دار پر اور صلوٰۃ
وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْ جَآءَ بِالْحَقِّ الْمُبِيْنِ
وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جو کہ حق واضح لے کر آئے۔
وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِيْٓ اَرْسَلْتَهٗ
اور صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کو تو نے بھیجا
رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
رحمۃ للعالمین بناکر۔ اور صلوٰۃ وسلام نازل فرما سیدنا محمدؐ پر
وَّعَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَعَلٰٓى اٰلِهِمْ وَ
اور تمامی انبیاء مرسلین پر۔ اور سب کے آل اور

صَحْبِهِمْ اَجْمَعِيْنَ ۝ كُلَّمَا ذَكَرَهُمُ الذَّاكِرُوْنَ وَ
تمامی صحابہؓ پر ۔ جب کبھی یاد کریں اُن کو یاد کرنے والے اور
غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِمُ الْغَافِلُوْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ
غافل ہوں انکی یاد سے غفلت والے ۔ الٰہی صلوٰۃ و سلام اور
بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى سَائِرِ اَنْبِيَائِكَ
برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور اپنے سارے نبیوں پر
وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
اور صلوٰۃ و سلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور اپنے
مَلٰٓئِكَتِكَ وَاَوْلِيَآئِكَ مِنْ اَهْلِ اَرْضِكَ وَسَمَآئِكَ
تمامی فرشتوں اور اولیاء پر تیری زمین والے ہوں یا آسمان والے
عَدَدَ مَا كَانَ وَعَدَدَ مَا يَكُوْنُ وَعَدَدَ مَا هُوَ
بشمار اسکے جو ہوچکا اور بشمار اسکے جو ہوگا اور بشمار اسکے جو
كَآئِنٌ فِىْ عِلْمِ اللّٰهِ اَبَدَ الْاٰبِدِيْنَ وَدَهْرَ الدَّاهِرِيْنَ
ہونیوالا ہے علم الٰہی میں ابدالآباد اور ہمیشہ ہمیشہ تک
وَاجْعَلْنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِمْ مِنَ الصِّدِّيْقِيْنَ الْاٰمِنِيْنَ
اور بنا ہمیں ان پر درود پڑھنے کی بدولت مطمئن صدیقین میں سے

يَا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اے رب العٰلمین ۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ
الٰہی صلوٰۃ و سلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر بشمار
مَا فِى الْاَرْضِ وَالسَّمَآءِ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى
ان چیزوں کے جو زمین و آسمان میں ہیں اور صلوٰۃ و سلام و برکات نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى جَمِيْعِ الْمَلٰٓئِكَةِ وَالْاَنْبِيَآءِ ۝ وَ
سیدنا محمدؐ پر اور تمامی فرشتوں اور نبیوں پر۔ اور

صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ
صلوٰۃ وسلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور انکی آل پر

وَعَلٰى سَآئِرِ الْعُلَمَآءِ وَالْاَوْلِيَآءِ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ
اور سب علماء و اولیاءؒ پر۔ اور صلوٰۃ وسلام و برکات

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ تَمْلَأُ سَآئِرَ الْاَقْطَارِ
نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور انکی آل پر ایسی صلوٰۃ جو بھر دے تمام اطراف

وَالْاَرْجَآءِ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
اور کناروں کو۔ اور صلوٰۃ و سلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَحَقِّقْنَا بِحَقَآئِقِ الصِّفَاتِ وَالْاَسْمَآءِ ۝
اور انکی آل پر اور ہمیں حقیقت عطا کر حقائق اسماء و صفات کی۔

وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى
اور صلوٰۃ وسلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور انکی

اٰلِهٖ وَاجْعَلْنَا مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ مِّنَ
آل پر اور کر ہمیں اُن کے ساتھ جن پر تونے انعام فرمایا یعنی

النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ
انبیاءؑ و صدیقینؓ اور شہداءؒ اور صلوٰۃ وسلام

وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِهٖ تَقِيْنَا بِهَا
و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور انکی آل پر جس کی بدولت تو ہمیں

شَرَّ الْحُسَّادِ وَالْاَعْدَآءِ ۝
محفوظ رکھے حُسّاد و اعدا کے شر سے۔

(حرف الکاف)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

الٰہی صلوٰۃ و سلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

النَّاطِقِ بِالصِّدْقِ وَالصَّوَابِ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ

جو بولتے ہیں سچ اور صواب۔ اور صلوٰۃ و سلام و برکات نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ اَفْضَلِ مَنْ اُوْتِيَ الْحِكْمَةَ وَ

سیدنا محمدؐ پر جو افضل ترین ہیں اُن میں جنکو دی گئی دانش اور

فَصْلَ الْخِطَابِ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

دوٹوک تقریر۔ اور صلوٰۃ و سلام و برکات نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ بَابِ الْاَبْوَابِ وَلُبَابِ اللُّبَابِ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ

محمدؐ پر جو دروازوں کے دروازہ اور خلاصۃ الخلاصہ ہیں اور صلوٰۃ و سلام

وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ وَّاَزِلْ عَنْ قُلُوْبِنَا بِنُوْرِهٖ

اور برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور دُور کردے ہمارے دلوں کے پردے

ظُلْمَةَ الْحِجَابِ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

کی ظلمت کو اُنکے نور سے۔ اور صلوٰۃ و سلام و برکات نازل فرما سیدنا

مُحَمَّدِ وَّاَلْهِمْنَا الْحِكْمَةَ وَالصَّوَابَ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ

محمدؐ پر اور ہمیں القا فرما دانش اور اصابتِ رائی۔ اور صلوٰۃ و سلام

وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ وَّاسْقِنَا مِنْ لَّدُنْكَ

و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور ہمیں شراب پلا خاص

فِي الشَّرَابِ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

اپنی طرف سے۔ اور صلوٰۃ و سلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

وَّفَهِّمْنَا اَسْرَارَ الْكِتَابِ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ

اور ہمیں سمجھا دے اسرار قرآن کے۔ اور صلوٰۃ و سلام و برکات نازل فرما

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ مِنَ
سیدنا محمدؐ پر اور ہمیں بنا ان پر درود کی بدولت

الْاَنْجَابِ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
نجیبوں میں سے۔ اور صلوٰۃ وسلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

وَّاَدْخِلْنَا حَضِيْرَةَ الْقُدُسِ فِيْ جُمْلَةِ الْاَحْبَابِ ۝ وَ
اور ہمیں داخل فرما جماعت مقدسہ میں منجملہ احباب کے۔ اور

صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى
صلوٰۃ وسلام و برکت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور

سَائِرِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْاَصْفِيَاءِ وَالْاٰلِ وَالْاَصْحَابِ ۝
تمامی انبیاء و اصفیاء اور آل و اصحابؓ پر۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ
الٰہی صلوٰۃ و سلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر

الَّذِيْ جَاءَ بِالْاٰيَاتِ وَالْبَيِّنَاتِ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَ
جو لیکر آئے آیات اور بینات۔ اور صلوٰۃ و سلام و

بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْمُؤَيَّدِ بِجَلَائِلِ الْمُعْجِزَاتِ ۝
برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کی تائید کی گئی بڑے بڑے معجزوں سے۔

وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْقَائِلِ
اور صلوٰۃ وسلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جن کا ارشاد ہے کہ

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى
اعمال کا اعتبار نیتوں پر ہے۔ اور صلوٰۃ و سلام و برکات نازل فرما

سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ السَّارِيْ سِرُّهٗ فِيْ سَائِرِ الْكَائِنَاتِ ۝
سیدنا محمدؐ پر جن کا سرّ تمامی کائنات میں سرایت کئے ہوئے ہے۔

(حرف التاء)

وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّكَفِّرْ
اور صلوٰۃ و سلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور اسکے ذریعہ
بِهَا عَنَّا السَّيِّئَاتِ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا
ہماری خطاؤں کا کفارہ کردے۔ اور صلوٰۃ وسلام و برکات نازل فرما سیدنا
مُحَمَّدٍ وَّاَيِّدْنَا بِالْكَرَامَاتِ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ
محمدؐ پر اور ہماری تائید فرما کراماتوں سے۔ اور صلوٰۃ وسلام و برکات
عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّجَمِّلْنَا بِجَمِيْلِ الصِّفَاتِ ۝ وَ
نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور ہمیں آراستہ فرما صفات حسنہ سے۔ اور
صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَزِلْ
صلوٰۃ وسلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور دور فرما
مِنْ قُلُوْبِنَا حُبَّ الرِّيَاسَةِ وَجَمِيْعَ الشَّهَوَاتِ ۝ وَ
ہمارے دلوں سے ریاست کی محبت اور تمامی خواہشات۔ اور
صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَنْعِمْ
صلوٰۃ وسلام و برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور انعام فرما
عَلَيْنَا بِتَجَلِّي الْاَسْمَاءِ وَالصِّفَاتِ ۝ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَ
ہم پر تجلی اسماء و صفات کا۔ اور صلوٰۃ و سلام اور
بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاَغْرِقْنَا فِيْ عَيْنِ بَحْرِ
برکات نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور ہمیں غرق کردے عین دریائے
الْوَحْدَةِ السَّارِيَةِ فِيْ جَمِيْعِ الْمَوْجُوْدَاتِ ۝ وَصَلِّ
